© rasailojaraid.com

مولانا قاری محمد طیب رحمۃ اللہ علیہ

# نعت

نبی اکرم شفیع اعظم دکھے دلوں کا پیام لے لو
تمام دنیا کے ہم ستائے کھڑے ہوئے ہیں سلام لے لو
شکستہ کشتی ہے تیز دھارا نظر سے روپوش ہے کنارا
نہیں کوئی ناخدا ہمارا خبر تو عالی مقام لے لو
عجیب مشکل میں کارواں ہے نہ کوئی جادہ نہ پاسباں ہے
بہ شکل رہبر چھپے ہیں رہزن اٹھو ذرا انتقام لے لو
قدم قدم پہ ہے خوف رہزن زمیں بھی دشمن فلک بھی دشمن
زمانہ ہم سے ہوا ہے ظن تمہیں محبت سے کام لے لو
کبھی تقاضا وفا کا ہم سے کبھی مذاقِ جفا ہے ہم سے
تمام دنیا خفا ہے ہم سے خبر تو خیر الانام لے لو
یہ کیسی منزل پہ آگئے ہیں نہ کوئی اپنا نہ ہم کسی کے
تم اپنے دامن میں آج آقا تمام اپنے غلام لے لو
یہ دل میں ارماں ہے اپنے طیب مزار اقدس پہ جا کے اک دن
سناؤں ان کو پیام دل کا کہوں میں اُن سے سلام لے لو

شورش کاشمیریؒ

## کہاں ہیں سید الکونین کی اُمت کے دیوانے؟

ضرورت ہے سیاسی نوجوانوں کی ضرورت ہے
مجھے اس مملکت کے پاسبانوں کی ضرورت ہے
لرز جائے زمیں قادیان جن کے تہوّر سے
اب ایسے انقلاب آور نشانوں کی ضرورت ہے
وضاحت کر نہیں سکتا مگر آواز دیتا ہوں
کہ اس کرب و بلا میں سخت جانوں کی ضرورت ہے
کہاں ہیں سید الکونینؐ کی امت کے دیوانے؟
کہ ناموس نبیؐ کے پاسبانوں کی ضرورت ہے
اُٹھ آئے تھے جو تاریخ میں کشور کشا ہوکر
یہاں اسلام کو ان تیغ رانوں کی ضرورت ہے
عزیزو شاعر مشرق کا لہجہ ڈھونڈ کر لاؤ
سوادِ ایشیاء کو ایسے خوش بیانوں کی ضرورت ہے

(انتخاب: شیخ حسین اختر لدھیانوی)

الغازی مشینری سٹور
ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں
بلاک نمبر 9، کالج روڈ۔ ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462501



© rasailojaraid.com